صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 19 نومبر 2014ء بمطابق 25 محرم الحرام 1436 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پانچ منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ فِیۡ کَبَدٍO اَیَحۡسَبُ اَنۡ لَّنۡ یَّقۡدِرَ عَلَیۡہِ اَحَدٌO یَقُوۡلُ اَہۡلَکۡتُ مَالًا لُّبَدًاO اَیَحۡسَبُ اَنۡ لَّمۡ یَرَہٗۤ اَحَدٌO اَلَمۡ نَجۡعَلۡ لَّہٗ عَیۡنَیۡنِO وَلِسَانًا وَّشَفَتَیۡنِ۔

(ترجمہ): کہ ہم نے انسان کو تکلیف (کی حالت) میں (رہنے والا) بنایا ہے۔ کیا وہ خیال رکھتا ہے کہ اس پر کوئی قابو نہ پائے گا۔ کہتا ہے کہ میں نے بہت سا مال برباد کیا۔ کیا اسے یہ گمان ہے کہ اس کو کسی نے دیکھا نہیں۔ بھلا ہم نے اس کو دو آنکھیں نہیں دیں؟۔ اور زبان اور دو ہونٹ (نہیں دیئے)۔ وآخِرُالدَّعۡوَانَا اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ۔

جناب سپیکر: جناب مفتی سید جانان صاحب، کوئسچن نمبر 1877۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! میں یہ ایک خاص بات کرنا چاہتا ہوں کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: ایک دومنٹ میں آپ کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔جی، منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو سر۔ سر! ابھی میں اسمبلی آرہا تھا تو باہر گیٹ پہ ٹیکنکل کالج والے سارے صوبے کے اساتذہ احتجاج کر رہے ہیں سر! اور اسمبلی کے گیٹ پہ آئے ہوئے ہیں، یقیناً سر! ان کو جو مشکلات ہیں، جو تکالیف ہیں، تو یہ اسمبلی میں تو اندر نہیں آسکتے لیکن باہر جو احتجاج کر رہے ہیں اور اسمبلی میں یہاں پہ جو ایم پی ایز صاحبان اور منسٹرز صاحبان بیٹھے ہیں، کم از کم ان کے ساتھ رابطہ کیا جائے تاکہ ان کے جو بھی مسائل ہیں، جو بھی تکالیف ہیں، ان کو سنا جائے۔

جناب سپیکر: ان کا Delegation آیا ہوا ہے اور منسٹر ان کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے۔

Mr. Munawar Khan Advocate: Right Sir, thank you, Sir.

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: مفتی جانان صاحب، 1877۔

* 1877 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر امداد و بحالی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے سال 2008 سے تاحال مختلف آسامیوں پر بھرتی کی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بھرتیاں قوانین کے مطابق کی گئی ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2008 سے سال 2013 تک تمام بھرتی شدہ افراد کے کاغذات، ڈومیسائل، ٹیسٹ و انٹرویو اور اخباری اشتہارات کی کاپیاں سالانہ کی بنیاد پر فراہم کی جائیں؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) محکمہ ریلیف میں تمام تر عملہ بذریعہ تبادلہ محکمہ عملہ و انتظامیہ فراہم کرتا ہے البتہ محکمہ ہذا ذیلی اداروں جن میں ڈائریکٹوریٹ جنرل ایمرجنسی ریسکیو سروس ریسکیو 1122 اور سول ڈیفنس ڈائریکٹوریٹ کے مختلف اضلاع میں بھرتیاں کی گئیں۔ سال 2010 اور 2011 میں محکمہ

ریلیف کے ذیلی ادارے ڈائریکٹوریٹ جنرل ایمرجنسی ریسکیو سروس ریسکیو 1122 میں مختلف آسامیوں پر بھرتیاں عمل میں لائی گئیں۔

(ب) ڈائریکٹوریٹ جنرل ایمرجنسی ریسکیو سروس ریسکیو 1122 میں سال 2008 اور 2011 کے دوران بھرتیاں پراجیکٹ پالیسی کے تحت کی گئیں جبکہ سول ڈیفنس ڈائریکٹوریٹ میں مختلف آسامیوں پر بھرتیاں حکومت خیبر پختونخوا سول سرونٹس ایکٹ 1973 کے تحت کی گئیں۔

(ج) بھرتی شدہ افراد کی معلومات بمعہ نام، پتہ، گریڈ، اخبارات کے تراشے اور آسامی کی معلومات ایوان کو فراہم کی گئیں۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، دې سوال کښې چې ما کوم څیزونه غوښتې دی او زه خو به اول ډیر افسوس سره دا خبره وکړم چې دیکښې تقریباً ایک، دو، تین او چار چې دا کوم ورق دی، دا جناب سپیکر صاحب! دا سې دی چې دا کوم سرورق دی، بالکل هم نه پړهاویږی ګنې ما ډیر کوشش وکړو چې دا زه پړهاؤ کړم خو ستاسو مخکښې پراته دی او که ستاسو وربانديې ذهن کهلاویږی نو تاسو ما ته یو دوه دغه وکړئ نو زه به بیا د دې سوال نه مطمئن شم۔ او بل جناب سپیکر صاحب، دیکښې ما دا غوښتې دی چې د دوئ چې کوم بهرتی شده افراد دی، د دوئ مکمل کاغذات، صرف ټیسټ او انټرویو کاغذات شته، نه اخباری بیانونه شته، هیڅ څه شے نشته، ما د دې نه مخکښې دا سوال هم دغه اسمبلئ کښې راوړے وو، دا به مو ګزارش وی درته، دا یوه ډیره اهمه مسئله ده، د دغې مخ نیوے نه کیږی۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب چې کومه خبره وکړه، بالکل د دې کوالټی چې ده نو ډیره Low ده او پکار ده چې د دې داسې وی چې کم از کم دا Readable وی۔

مفتی سید جانان: دا د جی کمیټئ ته لاړ شی، مخکښې یو ځلې راغلے وو، ډیره خرچه وربانديې کیږی، کمیټئ ته د لاړ شی او مونږ ته د اصل کاپیانې راکړی، هلته به کښینو۔

جناب سپیکر: کنسرنڈ منسٹر۔۔۔۔۔

حاجی قلندر خان لودھی (وزیر خوراک): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی۔ لودھی صاحب، لودھی صاحب، قلندر لودھی صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر! یہ تو Concerned Minister نہیں ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: On behalf ہیں۔

وزیر خوراک: جناب سپیکر! میں یہ بات کرتا ہوں، بعض میرے بھائیوں کو پسند نہیں آتی، میں اپنی ذمہ داری پوری کرتا ہوں۔ میں بھائیوں سے ریکویسٹ کر رہا تھا، کئی دفعہ کی ہے کہ دیکھیں ہم لوگوں کے نمائندے ہیں، ہمارا صوبہ کس حال میں ہے، کتنی ہر طرح کی پریشانی ہے، پھر ہم یہ ایک سوال دیتے ہیں۔ اس میں 1122 کے متعلق پوچھا گیا ہے، میرے آنریبل ہیں، سب سے زیادہ میں ان کی عزت کرتا ہوں اس اسمبلی میں، کوئی میرا بھائی وہ دفتر میں جاکے پوچھ سکتا تھا 'کنسرنڈ' سے، اس کو اس کا جواب مل جاتا۔ یہ 100 کاپیاں بنی ہیں اور 250 کاپیاں بنائی گئی ہیں، یہ اس پر کم از کم دو لاکھ کو خرچہ پہنچ گیا ہے اور پھر یہ پڑھی بھی نہیں جا رہیں اور اس کو کوئی پڑھ بھی نہیں سکتا، یہ اتنا بڑا کام ہے، اس کو کون دیکھے گا کہ یہ ایک سوال کا جواب ہے؟ تو میری ریکویسٹ ہے، ذرا یہ پہلے سے ہم نے کیا تھا کہ ایک اس منسٹر کو دے دیں، اگر ضروری ہے، ایک کاپی اس کی بن جائے جو موؤر ہے، تو باقی جس کو چاہیئے، وہ ہم سے مانگیں گے تو یہ اتنا بڑا خرچہ بھی اٹھتا ہے، محکمے کا کام بھی بہت زیادہ ہوتا ہے۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اس پہ بات ہوئی تھی کہ جو 'کنسرنڈ' منسٹر اور جو دو تین Related لوگ ہیں، ان کو حوالے کیا جائے۔

وزیر خوراک: اس کے بعد جس کا شوق ہے، وہ کاپی اپنے لئے لے لیں، تو یہ کہتے ہیں پراپرٹی ہے یہ، پراپرٹی تو ہم سب صوبہ ایک دوسرے کی پراپرٹی ہیں، اس میں ہم کیا کریں گے کہ اتنے زیادہ اخراجات ہم کرتے ہیں اور اس کا فائدہ کچھ نہیں ہوتا؟ سر! میری یہ ریکویسٹ ہو گی بھائیوں سے، اگر اس پر یہ دیکھ لیں، کوئی زیادہ ایسی پریشانی والی بات نہ ہو تو وہ موؤر کو مل جائے اور منسٹر کو مل جائے، یہ دو چار کاپیاں، یہ 250 کاپیاں بنی ہیں اور یہ دو لاکھ، اس کو پڑھا بھی نہیں جاتا اور اس کی سمجھ بھی کوئی نہیں آتی۔

جناب سپیکر: اچھا جی، یہ جواب دیں، جواب۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: زہ سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی۔

مفتی سید جانان: زه دا گزارش کوم جناب سپیکر صاحب! ملګری د ډیره پرهیزګاری نه اختیاروی، د پرهیزګارئ ځایونه شته، هر چا ته د خپلې پرهیزګارئ ځایونه معلوم دی۔ اسمبلی د رولز لاندې چلیږی، دا شین کتاب دے، مونږ ټول د دغې ماتحت چلیږو۔ که دغه رولز کښې دا لیکلی وی چې مفتی صاحب بې ځایه خرچه کوی د دغې تاوان زه لنډوم خو د دې نه ماسوا، د دې دوه سوه کاپیانو نه ماسوا ډیرې خرچې کیږی، دا زما حق دے، دا د دغه ټولو ممبرانو حق دے (تالیاں) چې څوک مونږ ته دا حق نه راکوی، هغه به زمونږ مخکښې دیوال وی، مونږ به د هغه مذمت کوؤ، هغه ته به مونږ بد وایو، هغه ته به مونږ په بد نظر باندې ګورو۔ د اسمبلئ نورې ډیرې خرچې کیږی او که اسمبلی نورې خرچې نه کوی، منسټران ئے نه کوی، تاسو ئے نه کوئ، سیکرټریټ ئے نه کوی، بیا زما سوالونو باندې که کومه خرچه کیږی، دا به زه بیا خپله برداشت کوم۔ جناب سپیکر صاحب! د بزرګئ، د تقویٰ مونږ ته نور ډیر ځایونه معلوم دی، پکار ده چې مونږ هلته تقویٰ ګانې وکړو، دا زما حق دے، دا دغې ګیلرئ کښې چې کوم ممبران ناست دی، دا د دغه ټولو حق دے، مونږ خپل حق غواړو، دا به ما ته راکوی۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب! زما په خیال باندې، په دې باندې۔۔۔۔

وزیر خوراک: جناب سپیکر! میں ایک بات واضح کردوں۔

جناب سپیکر: قلندر صاحب! میں ایک بات کرتا ہوں جی، آپ بیٹھیں، میں جواب دیتا ہوں، جی جی۔

وزیر خوراک: جناب سپیکر صاحب! میری نیت میں کوئی شک نہیں ہے، میرا ایمان ہے، میں ان کے پیچھے نماز پڑھتا ہوں، میں نے ان کو پوائنٹ آؤٹ نہیں کیا، میں نے کہا ہے ان کو مل جائے، باقی ہم 124 کو نہ ملیں، میں نے یہ کہا جس کو ضرورت ہو وہ بھی لے لیں، قطعاً میں نے یہ نہیں کہا، نہ ان کی کوئی بات کرتا ہوں، وہ کہہ رہے ہیں، میں نے یہ بھی نہیں کہا کہ میں بڑا تقویٰ دار ہوں، بڑا اس طرح سے ہوں، میں ان سے اچھا نہیں ہوں، وہ مجھ سے اچھے مسلمان ہیں، یہ میں کہتا ہوں کہ ہم نے، ہم میں سے ہر کوئی ذمہ دار ہے اور اس سے اس کی ذمہ داری کے مطابق پوچھا جائے گا، ہمیں یہ نہیں دیکھنا کہ کون کیا کر رہا ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، میں اس کے۔۔۔۔۔

وزیر خوراک: کس نے کیا خرچہ کیا ہے، کوئی کتنا صوبے کو خراب کر رہا ہے، میں کتنا بچا سکتا ہوں؟ مجھے وہ کرنا ہے، ہر ایک نے اپنا جواب دینا ہے، صاحب۔

جناب سپیکر: اس پہ ایک ڈسکشن ہوئی تھی جی، منور خان صاحب نے پوائنٹ آؤٹ کیا تھا گزشتہ ایک اجلاس میں کہ اتنی بڑی اگر چیز ہو، واقعی یہ بہت زیادہ ہو جاتا ہے، تو جو 'کنسرنڈ' ممبر کو نُسچن کرتا ہے اور جو منسٹر ہے، دو تین چار کاپیاں ہوں تا کہ اس کے اوپر خرچہ زیادہ نہ آئے، تو میرے خیال میں ایک انڈرسٹینڈنگ اس کے اوپر بنی تھی اور اس کو ہم نے اس طرح کرنا ہے جی۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب، زه دا وایم کنه چې دا څومره هم مونږ پرهیزګارئ کوؤ کنه، دومره هم زیاتې دا خرچې راځی، سبا به سټینډنګ کمیټۍ کښې یوه خبره ناسته وی، بیا به مونږ وایو چې دا دوه کاغذونه ولې خرچ کیږی، په دوه مخو ئے لیکل کوئ، بیا به مونږ وایو چې دلته نه ولې خراب شوی دی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب!

مفتی سید جانان: دا جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: مفتی صاحب! یو عرض وکړم جی، یو عرض وکړم جی، لږ۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: دا سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: لږ، لږ که ګزاره وکړئ، ګوره زه۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: دا سپیکر صاحب! دا زمونږ حق دے، زه خپل حق غواړم، که پرهیزګارئ کوؤ بیا به راځئ بیا به ټول پرهیزګارئ وکړو، نورې هم پرهیزګارئ شته کنه، صرف په هم دغې کاغذونو فوټوسټیټ کولو کښې پرهیزګاری ده؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! دلته کښې خو حقیقت دا دے چې دا په هغه مخکښې، اس سے پہلے جو اسمبلی تھی سر! اس میں ایجوکیشن کے سیکرٹری کے پاس میں بیٹھا تھا اور اس نے مجھے کہا کہ میرے اس فوٹو سٹیٹ پہ تقریباً تین لاکھ روپے لگیں گے، تو میں نے جب ادھر سے اس وقت کے جو سپیکر صاحب تھے، سپیکر صاحب کے نالج میں میں نے یہ بات لائی کہ سپیکر صاحب! یہ تین لاکھ روپے اگر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ والوں کے پاس تھے بھی نہیں، وہ کہہ رہے ہیں کہ یار! میں کیا کروں، تین لاکھ کی فوٹو سٹیٹ میں نکالوں گا اور یقیناً سر! میں معذرت کے ساتھ، مفتی جانان سے میں معذرت کرتا ہوں کہ میرے پاس بھی یہ بنڈل پڑا ہوا ہے، میں اس کو کیوں Touch کروں اور مجھے ضرورت ہی نہیں پڑتی کہ میں اس کو Touch کروں اور سارے ممبران اس طرح ہیں کہ یہ کوئی بھی نہیں پڑھتا سر، تو میں مفتی جانان صاحب سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ جن جن لوگوں کی ضرورت ہے، جنہوں نے یہ کوسچن کیا ہوا ہے، انہی کے پاس اگر یہ بنڈل چلا جائے تو پھر ٹھیک ہے، پھر کوئی بات نہیں ہے لیکن اگر ساروں کے پاس جائے تو میرے خیال میں یہ زیادتی ہے اور یہ فنڈ کا ضیاع ہے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی۔ اچھا جی، یہ جو کوسچن ہے، کون Respond کرے گا اس کو، کون Respond کرے گا اس کو؟

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر! زه یو خبره کوم۔

جناب سپیکر: جی جی، شاہ حسین صاحب۔

جناب شاہ حسین خان: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ دا سې د ه سپیکر صاحب! چې لکه څنګه چې مفتی صاحب اووئیل، د خرچو د کمولو د هغې نورې هم ذریعې ډیرې دی جی، اوس په کاغذ باندې خو دا خو یو روپئ فوټوسټیټ راځی جی، راځئ ټول ایمان تیر کړئ چې نه به د دې حکومت تنخواه ګانې اخلو، نه به د دې حکومت کورونه استعمالوؤ، نه به د دې حکومت ټی اے/ ډی اے اخلو، نه به د دې حکومت سرکاری ګاډے استعمالوؤ، راځئ ایمان تیر کړئ، زمونږ پرې عمل دے۔

جناب سپیکر: دا یو منٹ جی، یہ ڈسکشن کوئی Irrelevant کی طرف چلی جاتی ہے، بس جواب کیلئے میں، اگر نہیں ہو تو میں کمیٹی میں بھیجتا ہوں جی، یہ اگر کوئی۔۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈووکیٹ: جناب سپیکر! اس کا آسان سا حل یہ ہے کہ اس کو کمیٹی کے پاس بھیج دیں سر! تاکہ ایوان کا وقت اس پر ضائع نہ ہو۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، اس کو کمیٹی میں بھیجتے ہیں کیونکہ ابھی کوئی Respond اس پہ نہیں آیا تو میں،

Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee. Question No. 1919.

جناب شاہ فرمان (وزیر آبنوشی): جناب سپیکر! میں ذرا ایک بات کہوں؟

جناب سپیکر: جی شاہ فرمان صاحب، بس وہ تو چلا گیا۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: 1919۔

* 1919 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع ہنگو میں ووکیشنل ٹریننگ سنٹرز موجود ہیں جو کافی عرصہ سے بند پڑے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ سنٹرز کتنے عرصے سے بند پڑے ہیں، محکمہ ان کو فعال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(ii) مذکورہ سنٹرز میں عملے کی تفصیل بمعہ تنخواہ فراہم کی جائے؟

محترمہ مہر تاج روغانی (معاون خصوصی برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں): (الف) جی ہاں، ضلع ہنگو میں تین ووکیشنل سنٹرز ہیں جن میں دو ریگولر بجٹ سے جو کہ مکمل فعال ہیں اور ایک سالانہ ترقیاتی بجٹ سے قائم کیا گیا ہے جو مکمل طور پر فعال نہیں ہے، تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ ووکیشنل ٹریننگ سنٹر بمقام گرلز ہائی سکول نمبر 2 ضلع ہنگو۔

2۔ووکیشنل ٹریننگ سنٹر بمقام جوزارہ۔

3۔ووکیشنل ٹریننگ سنٹر بمقام سنگھڑہ(ADP funded)

(ب) (i) ووکیشنل ٹریننگ سنٹر بمقام سنگھڑہ کو اے ڈی پی 12-2011 کے تحت منظور کیا گیا جو کہ مکمل فعال نہیں ہے، فعال نہ ہونے کی وجہ ضروری سامان مثلاً سلائی مشینوں، فرنیچر اور دوسری اشیاء کی خریداری کا نہ ہونا ہے۔ سامان کی خریداری کیلئے ٹھیکہ میسرز نور محمد ٹھیکیدار کو دیا گیا تاہم سامان کو معینہ مدت میں مہیانہ کرنے کی وجہ سے اس کا ٹھیکہ منسوخ کیا گیا۔ ٹھیکیدار نے محکمہ کے خلاف عدالت سے رجوع کیا اور عدالت نے خریداری پر پابندی لگادی جو کہ تاحال جاری ہے۔

(ii) مذکورہ سنٹر میں درج ذیل تین آسامیاں ہیں:

1۔ووکیشنل ٹیچر	-/Rs. 10000 ماہوار تنخواہ
2۔آیا	-/Rs. 7000 ماہوار تنخواہ
3۔چوکیدار	-/Rs. 7000 ماہوار تنخواہ

مفتی سید جانان: دا ملگرو ته ډیر زیات تکلیف دے ، زما د سوالونو نه او زه به آئنده ته ان شاء الله دا سې سوالونه نه راؤړم چې دا ملګری وربانديې خاصکر لودهی صاحب ته او منور خان صاحب ته، دغو ته زما په خیال ډیر دغه دے خو جناب سپیکر صاحب! الله مونږ باندې حاضر حضور دے چې دا صرف مونږ په دې نیت باندې کوؤ چې څوک تنګ کړو، چا ته اذیت اورسیږی خو په دې بنیاد باندې کوؤ چې دا محکمو کښې به څنګه بهتری راځی؟ جناب سپیکر صاحب، دا سوال دے ، اسانه خبره ده دلته ما ته اخر کښې لیکی چې دې ځائې کښې دې سنټر کښې دوه پوستونه دی، ووکیشنل ټیچرز دی، د دوئ دس هزار تنخواه ده، آیا ده، د هغې سات هزار تنخواه ده او دا درې څلور کالو نه بند دی، په څه شی بند دی؟ خبره عجیبه خبره ده۔ دیکښې مشینونه نشته، دیکښې څیزونه نشته، په دې باندې بند دی او دا کسان تنخواه اخلی او د دوئ تنخواه، اتهاره لاکه سوله هزار تنخواه، اوسه پورې آتھ لاکھ سوله هزار روپئ تنخواه دغه خلقو ویستې ده۔ آیا دغه مشینونه دغه پیسو کښې نه راتلل، که اوس مونږ دغې اسمبلئ ته دا خبرې نه راؤړو، په دې به څوک عمل کوی؟ دا بیا مطلب، دا څلور کاله پرته ده، دا به

څلور کاله به دا شے نور هم پروت وی۔ جناب سپیکر صاحب، زما به دا ګزارش وی، کمیټئی ته د لاړ شی چې دا سنټر بند دے، بیا دا تنخواګانې ولې دغه خلقو ته ملاؤ دی او د دغې سنټر د نه چالو کولو څه وجه ده؟

جناب سپیکر: میڈم مہرتاج روغانی۔

معاون خصوصی برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: تهینک یو مسټر سپیکر او زه د مفتی جانان صاحب هم ډیره شکریه ادا کوم چې دومره Important Question تاسو وکړو او ډیرښه مو وکړل چې زه لږ وضاحت وکړم۔ Actually دا خبره ټهیک ده چې ووکیشنل سنټرز درې دی، په دیکښې دوه بالکل فعال دی، هغه دوه کار کوی، هغه په دغه کښې دی، یو ووکیشنل سنټر په ضلع هنګو کښې بمقام ګرلز سکول دے او نمبر دو ووکیشنل ټریننګ سنټر بمقام جوزاره، The one which is in Training Center Sanghra، Actually دا د ADP funded دغه وو، And what happened او په دې خوشحاله یم چې دا سوال وشوځکه چې ما نه ډیر په اسمبلئ کښې ممبران، ایم پی اے ګان خفه دی Including Speaker Sahib چې وهیل چیئرز ولې رانغلل، د هغې Reason په دې جواب کښې دے چې دلته کښې یو زمونږ دغه وو، فعال نہ ہونے کی وجہ ضروری سامان مثلاً سلائی مشینوں، فرنیچر اور اس کی نہ ہونے کی، Like these things were not available، ولې نه وو Available؟ دا کنټریکټر نور محمد چې دے هغه مونږ دومره تنګ کړی وو درې کاله چې مونږ به ایډورټائزمنټ ورکړو، هغه به عدالت ته لاړو، چې مونږ به ایډورټائزمنټ ورکړو، هغه به عدالت ته تلو، په هغه Reasons زمونږ وهیل چیئرز هم لیټ شو نو د هغې په وجه، نو دا یو سنټر چې دے دا That is because of that, the rest of the two are working۔ دریم نمبر خبره دا ده چې اوس د دې خبرې دا وشی چې بیا Reevaluation وشی، لکه 30th June پورې، 2014 پورې It was supposed to be closed، بندیدل پکار دی، هغه به اوس Reevaluation وشی، نو آیا که Reevaluation نه پس Whether we are going to restart، د خوشخبرئ خبره درته وکړم چې For the first time درې کاله پس شکر الحمدللہ عدالت زمونږ په حق کښې فیصله وکړه، خدائے د وکړی چې دا سږے

اوس اپیل ته لاړ نشی، نو دا دوه سنټرې مفتی جانان صاحب! کار کوی، With the permission of the Chair زه تاسو ته، او دا یو چې دے Reevaluation به وشی او که دا فعال نه وی نو دا به لاړ شی، Regarding د دې چوکیدار، د چوکیدار پوسټ خالی دے، د چوکیدار پوسټ خالی دے Because اپوئنټ شوے وو خو Later on he didn't come and his job was terminated. At the moment no Chowkidar is working there.

مفتی سید جانان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، مفتی صاحب۔

مفتی سید جانان: ډاکټر صاحبې ډیرې ښې خبرې وکړې، ان شاء اللہ زه دا امید لرم چې دا کوم بند سنټر دے، دا به کهلاوی، زه مطمئن یم جناب سپیکر۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر! جب بھی میری ڈاکٹر صاحبہ سے اسمبلی میں ملاقات ہوتی ہے تو میں ان سے یہی پوچھتا ہوں کہ ڈاکٹر صاحبہ! یہ ویل چیئرز کب آئیں گی، تقریباً ایک سال سے میں ڈاکٹر صاحبہ کے پیچھے پڑا ہوں لیکن ابھی تک انہوں نے یہی عدالت کا مسئلہ اٹھایا ہے سر، اب میں ڈاکٹر صاحبہ سے سر! یہ وضاحت کرانا چاہتا ہوں اور اسمبلی فلور پر ہمیں یہ بتادیں کہ یہ ویل چیئرز اور یہ سلائی مشینیں کب تک لوگوں کو دی جائیں گی؟ تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر مہر تاج روغانی۔

معاون خصوصی برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: Thank you very much, Munawar Sahib. As I said, the case has been vacated، عدالت دا کیس دغه کړے دے، What do you call it خالی کړے یا Has been vacated. Now I hope and pray چې He shouldn't go to the appeal بلکه مونږ اوس دغه شروع کړے دے، بلکه سی ایم صاحب ته ما وئیلی دی چې ما له د دې دوه کروړو ډائریکټ دغه راکړئ، د حکومت څه عجیبه کارونه دی، په ما ئے سر وګرځولو، په ما ئے سر په دې وګرځولو چې اوس دا دے وائی دا به تاسو ټینډرې

کوئ، ټینډرې به د رې راځی، په ټینډرو کښې چې د کم قیمت وی هغه به اخلئ، په دې قیصو خو زه نه پوهیږم. ما سره دوه کروړه روپئ دی، ما له د اجازت راکړی، ګورئ Pak-Danish نه خلق سامان اخلی کنه، Pak-Danish یو دغه دے، نو زه وایم چې حکومت د دغه دغه وکړی او مونږ حکومت یو خو تهرو سپیکر زه دلته په اسمبلی فلور وئیل غواړم چې مونږ له د اجازت راکړی چې مونږ ویل چیئرز ډائریکټ واخلو۔

(شور)

<u>جناب سپیکر</u>: میڈم نے بالکل، میڈم نے ایک ریکویسٹ کی ہے، یہ جو آپ لوگوں کے Concerns تھے، میرے خود بھی یہ Concerns ہیں اور میں نے میڈم سے پوچھا تھا، تو میڈم نے Explain بھی کیا کہ چونکہ کیس کورٹ میں تھا تو اس وجہ سے یہ ساری چیز ہے اور یہ کہتی ہے کہ میں دعا کرتی ہوں کہ وہ اس کے اوپر سپریم میں نہ جائیں، ابھی ریلیف ملا ہے اور ابھی اس کو پراسیس کیا ہے۔ ٹھیک ہے، میڈم! اس طرح ہے نا؟ جی جی، میڈم، میڈم!

<u>معاون خصوصی برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں</u>: Yeah, thank you. With the permission of the Speaker زه دا کلیئر کول غواړم چې مونږ اوس کوشش کوؤ، مونږ Paraplegic Center ته لاړو Because هغه سیمی اټانومس اداره ده، نو Paraplegic center ته زه وایم چې که تاسو، که ګورنمنټ ته Objection نه وی چې ډائریکټ زه ویل چیئرز واخلم ځکه وایم چې دا ویل چیئرز ورکړم او زما دا ځان خلاص شی۔ I am so fed up honestly with the wheelchairs.
Thank you.

<u>Mr. Speaker</u>: Ji, okay. Next, Question No. 1995, Mufti Fazal Ghafoor, Mufti Fazal Ghafoor.

<u>مولانا مفتی فضل غفور</u>: کوم یو دے ؟

<u>جناب محمود احمد خان</u>: نه، 1993، نلوټها والا دے اول جی، 93 سر، دا د نلوټها والا دے۔

<u>جناب سپیکر</u>: 93، چلو کدھر ہے؟ 93، جی سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

* 1993 _ <u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ملازمین کو میرٹ لسٹ کے مطابق گھروں کی الاٹمنٹ کرتا ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دو ماہ سے محکمہ نے ہر قسم کی الاٹمنٹ پر پابندی لگا رکھی ہے؛

(ج) اگر ا(الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) حکومت کب تک مذکورہ پابندی ختم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(ii) مذکورہ گھروں کی الاٹمنٹ کی نئی ویٹنگ لسٹ کی کاپی اور سیکرٹریٹ اور ذیلی اداروں کے ان ملازمین جنہوں نے بہتر رہائش کیلئے درخواستیں دے رکھی ہیں، کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) (i) جواب ندارد۔

(ii) الاٹمنٹ کی نئی ویٹنگ لسٹ تکمیل کے مراحل میں ہے جونہی مکمل ہو گی ایک کاپی مہیا کی جائے گی، تاہم بہتر رہائش کیلئے دی گئی درخواستوں کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں سمجھا تھا شاید آپ مجھ سے خفا ہیں، 93 آپ نے چھوڑ دیا تھا۔ جناب سپیکر صاحب! میں نے یہ کوئسچن کیا ہے محکمہ انتظامیہ سے کہ "ملازمین کیلئے جو گھروں کی الاٹمنٹ کے حوالے سے اور مذکورہ گھروں کی الاٹمنٹ کی نئی ویٹنگ لسٹ کی کاپی اور سیکرٹریٹ اور ذیلی اداروں کے ان ملازمین جنہوں نے بہتر رہائش کیلئے درخواستیں دے رکھی ہیں، ان کی تفصیل فراہم کی جائے؟" تو مجھے یہ جواب دیا گیا ہے کہ ابھی تک نئی ویٹنگ لسٹ تکمیل کے مراحل میں ہے۔ جناب سپیکر، جب سے یہ محکمہ بنا ہے، آج تک یہ ویٹنگ لسٹ جو ہے، یہ تکمیل کے مراحل سے ہی گزر رہی ہے تو کب تک یہ مکمل کی جائی گی؟ اور پھر یہ ملازمین سخت پریشانی کا شکار ہیں اور اس کے علاوہ جو بہتر رہائشوں کے حوالے سے انہوں نے کہا ہے کہ اس کے اوپر بھی ہم نے درخواستیں جو ہیں، وہ لے لی ہیں لیکن پانچ فیصد ملازمین کی تنخواہ سے کٹوتی ہوتی ہے لیکن ان کو اسی طریقے سے لٹکایا جاتا ہے، تو جناب سپیکر صاحب! میں یہ گزارش کروں گا کہ میرا یہ کوئسچن جو ہے، یہ کمیٹی کو ریفر کیا جائے اور یا ایوان سے ایک کمیٹی بنائی جائے جو اس کی نگرانی کرے اور فی الفور ملازمین کی اس پریشانی کو دور کیا جائے۔ دوسری بات جناب سپیکر صاحب! اس میں

جو جواب دیا گیا ہے، اس میں سول سیکرٹریٹ کا ذکر تو کیا گیا ہے لیکن اس جواب میں بھی اسمبلی سیکرٹریٹ کو اسمبلی سیکرٹریٹ نہیں لکھا گیا ہے، اسمبلی سیکرٹریٹ کے ملازمین کو ذیلی ادارے کے طور پر بتایا گیا ہے جبکہ آپ نے واضح رولنگ دی تھی کہ اسمبلی سیکرٹریٹ ایک خود مختار ادارہ ہے اور سٹینڈنگ کمیٹی میں بھی میرا وہ کوئسچن ریفر ہوا تھا تو اس میں بھی یہ واضح متفقہ فیصلہ ہوا تھا کہ آئندہ اسمبلی سیکرٹریٹ کو آزاد ادارے کے طور پر لکھا جائے، ذیلی ادارے کے طور پر نہ لکھا جائے۔

جناب سپیکر: بالکل۔ جناب امتیاز شاہد صاحب۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سردار صاحب نے کوئسچن کیا ہے جی، جس کی تفصیل، تفصیلاً باقاعدہ جواب، یہ درست ہے کہ محکمہ ملازمین کو میرٹ لسٹ کے مطابق گھروں کی الاٹمنٹ کرتا ہے جو کہ ڈیپارٹمنٹ نے اس کو تسلیم کیا ہے کہ بالکل میرٹ کی بنیاد پر ہوتی ہے۔ پھر Next ہے کہ آیا یہ بھی درست ہے کہ گزشتہ دو ماہ سے محکمہ نے ہر قسم کی الاٹمنٹ پر پابندی لگا رکھی ہے؟ تو ہمارے ساتھ یہاں پر ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کوئی اس طرح کی پابندی کا مسئلہ نہیں ہے کہ یہاں پر پابندی ہو، تو اسلئے ڈیپارٹمنٹ نے جی نہیں کہا ہے کہ نہیں ہے پابندی۔ اب رہا تھرڈ کوئسچن، تو وہ بالکل Relevant ہے، اس کیلئے میں اورنگزیب صاحب سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اگر یہ ڈیپارٹمنٹ کے اس جواب سے مطمئن نہیں ہیں تو بالکل میں اس کے ساتھ مل بیٹھ کر جس طرح طریقہ یہ سب مناسب سمجھتے ہیں اور جو ٹائم پیریڈ یہ سمجھتے ہیں، ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بیٹھ کر ان شاءاللہ تسلی کرا لیں گے اور کوشش ہماری ہو گی کہ جلد از جلد اس کو، انہوں نے یہی لکھا ہوا ہے کہ تکمیل کے آخری مراحل میں ہے تو کوشش کریں گے کہ جلد از جلد یہ پایہ تکمیل تک پہنچ جائے اور ان کی تسلی ہو جائے۔

جناب سپیکر: جی نلوٹھا صاحب!

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! لاء منسٹر صاحب نے میرے سوال کے پہلے جز کی خود تشریح کر دی، آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ملازمین کو میرٹ لسٹ کے مطابق گھروں کی الاٹمنٹ کرتا ہے؟، تو جواب دیا گیا ہے کہ "جی ہاں"، بالکل جناب سپیکر صاحب! میں بڑی معذرت کے ساتھ لاء منسٹر صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ بالکل میرٹ کے مطابق یہ الاٹمنٹ نہیں ہوتی، یہ سیاسی بنیادوں کے اوپر جناب سپیکر

صاحب! ہوتی ہے اور اگر آپ چاہیں تو میں دعوے سے کہتا ہوں کہ 90%، دس فیصد میرٹ کے اوپر یہ الاٹمنٹ ہوتی ہے، اس کے علاوہ ساری الاٹمنٹ سیاسی بنیادوں کے اوپر ہوتی ہے یا جو سرکاری ملازمین عدالتوں میں چلے جاتے ہیں، وہاں سے انہیں الاٹمنٹ ہوتی ہے۔ تو میں یہ گزارش کروں گا جی، اس کو آسان بنانے کیلئے آپ سپیکر صاحب! کتنی دفعہ آپ کہتے ہیں کہ منسٹر کے ساتھ بیٹھ جائیں اور بیٹھ کے مسئلہ حل کر لیں، میرے تین چار کوئسچنز کے حوالے سے آپ نے رولنگ دی ہے لیکن کبھی منسٹر نے گوارا نہیں کیا بیٹھنے کا نہ بات کرنے کا، تو یہ جس طرح ابھی لودھی صاحب فرمارہے تھے، قلندر خان لودھی صاحب کہ کتنا پیسہ کوئسچن کے اوپر خرچ ہوتا ہے اور خزانے کو نقصان ہوتا ہے تو جب ہم ایک کوئسچن بھیجتے ہیں تو ضرور اس کے اندر کوئی بات ہوتی ہے تو تب ہم کوئی کوئسچن بھیجتے ہیں، ویسے ہم بھی چاہتے ہیں کہ خزانے کے اوپر بوجھ نہ ڈالا جائے۔ تو میری یہ درخواست ہوگی لاء منسٹر صاحب سے کہ اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کیا جائے اور سٹینڈنگ کمیٹی میں اس کے اوپر تحقیقات ہونی چاہیئں اور وہاں پر کوئی کمیٹی بن جائے یا جو بھی طریقہ کار ہو، تو کم از کم اس الاٹمنٹ کو شفاف طریقے سے، بہتری اس میں لائی جاسکتی ہے اگر کوشش کی جائے۔

<u>جناب سپیکر</u>: لاء منسٹر صاحب، جی جی۔

<u>وزیر قانون</u>: بالکل جی، میرا سردار اورنگزیب صاحب سے اتفاق ہے، سٹینڈنگ کمیٹی کو چلا جائے۔

<u>Mr. Speaker</u>: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. 1994, Mufti Fazal Ghafoor.

* 1994 _ <u>مولانا مفتی فضل غفور</u>: کیا وزیر برائے بحالی و آبادی کاری ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی ڈی ایم اے (پارسا) کی وساطت سے بونیر PK-79 میں متعدد واٹر سپلائی سکیمز کی بحالی پر کام شروع ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ کافی عرصہ گزرنے کے باوجود کام کی رفتار تسلی بخش نہیں ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ بروقت فنڈز فراہم کروا کر ان سکیمز کی بحالی جلد از جلد چاہتا ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) بونیر PK-79 میں شروع کردہ سکیمز میں سے ہر سکیم کا موجودہ پراگریس کیا ہے؛

(ii) ہر سکیم کیلئے کتنا کتنا فنڈ مختص ہے؛

(iii) نیز محکمہ کب تک ان کو مکمل کرے گا؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی ہاں۔

(د) (i) ضلع بونیر میں USAID کے تعاون سے 13 واٹر سپلائی سکیموں پر کام جاری ہے جن میں سے پانچ سکیمیں PK-79 میں واقع ہیں۔ لف شدہ تفصیل میں تمام سکیموں کا پراگریس، فنڈز اور سکیم مکمل ہونے کی میعاد کی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔

مولانا مفتی فضل غفور: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ دا جی ما سوال کړے دے او د دې سوال جواب چې کوم ما ته ملاؤ دے، زه د دې نه مطمئن نه یم، دا جواب ئے غلط راکړے دے جی۔ ما دوئ نه د پی ډی ایم اے پارسا زیر انتظام چې کوم واټر سپلائی سکیمونه دی، د هغې پراګریس غوښتلے وو، دوئ چې کوم ما ته پراګریس راکړے دے جناب سپیکر! نو دا 9 نمبر سکیم چې کوم دے، دې ته ئے مخامخ لیکلی دی چې "Work resumed" او بیا "0.9 Million may be released" او "Completion date 10-10-2014" نو 10-10-2014 جی د دې Completion date وو او نن دے 19-11-2014۔

جناب محمود احمد خان: جناب والا!

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب محمود احمد خان: منسټر جی بهر ولاړ دے، دا څه ګپ دے؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب! چې د دې اسمبلئ دا حال وی نو۔۔۔۔

جناب سپیکر: نه نه، دا د شاه فرمان سره Related نه ده، دا د شاه فرمان سره Related question نه دے۔

جناب محمود احمد خان: دا د چا سره دے ؟

جناب سپیکر: جی جی، منور خان صاحب!

مولانا مفتی فضل غفور: پی ډی ایم اے دے۔

جناب سپیکر: پی ډی ایم اے دے ، یہ آپ تھوڑا کو ئسچن کو پڑھ کر، بات اپنی کمپلیٹ کریں پھر وہ Respond کرے گا، یہ آپ کے ساتھ Related نہیں ہے۔

مولانا مفتی فضل غفور: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: (جناب شاہ فرمان وزیر____ کو اشارہ کرتے ہوئے) آپ بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں، آپ کے ساتھ Related نہیں ہے اسلئے-----

مولانا مفتی فضل غفور: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: ایک منٹ، یہ اپنے کو ئسچن کو تو پورا کریں نا، کو ئسچن بتائیں، کیا کو ئسچن ہے اس کا؟

جناب شاہ فرمان (وزیر آبنوشی): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: اس کے بعد آپ کو موقع دیتا ہوں نا، آپ کو موقع دیتا ہوں۔

مولانا مفتی فضل غفور: سپیکر صاحب، دا 9 نمبر سکیم چې دوئ ما ته کوم بنودلے دے چې 10-10-2014 د دې Completion date دے، نن دے جی 19-11-2014، یو میاشت پرېOver شوله، د هغې باوجود جی دا کمپلیټ شوے نه دے، دا دوئ غلط بیانی کړې ده او 10 نمبر چې کوم سکیم دوئ ما ته راکړے دے نو هغه هم اوسه پورې مکمل شوے نه دے او دوئ دا وائی چې دا مکمل دے۔ 12 نمبر سکیم چې کوم دے نو جی دیکښې چې کوم راغلے دے، یو نیم کال وشو په دې باندې هیڅ قسمه څه پراګریس نشته دے او 13 نمبر سکیم چې کوم دے نو په هغې باندې کار رکاؤ دے۔ سپیکر صاحب، زه به دا ګزارش کوم ستاسو نه جی چې دا د ښنکلو د اوبو سکیمونه دی او هغه چې مونږ ورته د بې انصا فئ دور وایو، نو په هغه تیر دور کښې دا سکیمونه زما د دې حلقې د پاره منظور شوی وو، د انصاف په دور کښې خو شاه فرمان صاحب ما شاء الله چې کوم تقسیم کړے دے د واټر سپلائی د سکیمونو، په هغه فارموله باندې چې "اب نہیں تو کب"

نو زما په خیال باندې چې هغه زاړه سکیمونه چې کوم وو جی، هغه زاړه سکیمونه چې کوم وو، چې دا راله زر وکړی۔

جناب سپیکر: اوکے،اوکے۔یہ امتیاز شاہد صاحب، د دې نه پس شاه فرمان صاحب! که ته بیا څه فرمائی نو د دې نه پس به او فرمایئ۔

وزیر قانون: مفتی فضل غفور صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ اس معاملے میں Already ڈی سی بونیر Personally involve ہیں اور اس نے ایکسیئن پبلک ہیلتھ کو بھی بلایا ہے اور اس کی انتہائی، میرے نالج کے مطابق سرزنش بھی کی گئی ہے اور اس میں شک نہیں ہے کہ یہ انہوں نے، خود ڈیپارٹمنٹ نے تسلیم کیا ہوا ہے کہ یہاں پر کام کی رفتار تسلی بخش نہیں ہے، تو اسلئے میں تو یہ Suggest کروں گا کہ سیکرٹری ہیلتھ صاحب اس میں باقاعدہ انکوائری مقرر کریں اور اس کے خلاف کارروائی وغیرہ، اس میں جو بھی Involve ہوتا ہے، اس کے خلاف کارروائی ہونی چاہیئے۔

جناب سپیکر: جی مفتی فضل غفور۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر! میری گزارش ہوگی کہ میں ڈیڑھ سال سے اس کے پیچھے گھوم پھر رہا ہوں، میرے خیال میں یہ واٹر سپلائی سکیمز ہیں، بہت اہم مسئلہ ہے اور جن علاقوں میں یہ واٹر سپلائی سکیمز واقع ہیں، وہاں پر یہ پچھلے رمضان کے مہینے میں لوگ اپنے گھر کے پینے کے پانی کیلئے 1700/1800 کا واٹر ٹینک لاتے تھے۔ تو یہ بہت بڑا اہم ایشو ہے، میرے خیال میں اس کو اگر سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیجا جائے تو وہاں پر ان کا پرا گریس۔۔۔۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب! زما خیال دے۔۔۔۔

مولانا مفتی فضل غفور: تھوڑا سا ہم اس کے۔۔۔۔

جناب سپیکر: منسټر چې دے نو هغه دا اووئیل چې انکوائری په دیکښې آرډر کوو نو زما خیال دے چې Inquiry is sufficient، نو انکوائری ته دغه وکړه، هغوی Already د انکوائرئ آرډر ورکړو نو امید دے ان شاء الله که څه پرابلم وی نو بیا ته راوستے شې۔

مولانا مفتی فضل غفور: سپیکر صاحب، دا دومره وخت پس جی زما، ما دې باندې مخکښې کال آټینشن جمع کړے وو، دا پینځه واټر سپلائی سکیمونه دی او دا چې په کومو علاقو کښې واقع دی، هلته د اوبو ډیر سخت تکلیف دے۔ زما به گزارش تاسو ته دا وی جی چې په دې باندې دا پراسیس لږ Speedy کړو، د هغې د پاره سټینډنگ کمیټئی ته دا ریفر کړو نو وقتاً فوقتاً به د هغې چیک اپ کوؤ جی۔

جناب سپیکر: جی، شاہ فرمان!

وزیر آبنوشی: جناب سپیکر! د دې کسانئ په وجه باندې د ډیرو خلقو گیلې وې د مرحوم ذوالفقار علی بھټو صاحب نه، نو یو خان وو، د هغه نوکر به دا خبره کوله چې خان صاحب به وئیل، دا مسئله جوړه شوه نو هغه به وئیل جی د بھټو صاحب حکومت دے نو، نو یو ورځ ئے په پومبه باندې میږی لگیا وو، وئیل فلانکی وئیل دې ځل له خو په دې پومبه باندې ډیر میږی لگیا دی نو هغه وئیل جی د بھټو صاحب حکومت دے نو، هغه خان ورته وئیل چې د بھټو صاحب حکومت دے خو د میږو خو ذمه وار نه دے۔ نو زه اول خو دا درخواست کوم، منور خان صاحب پاڅیدو، منور خان صاحب! اوس ستاسو سوال دے او د خپل سوال جواب ته تاسو تیار نه یئ او دا تاسو ته پته هم نشته دے چې دا ستاسو سوال دے بلکه دا هم درته پته نشته دے چې دا د پبلک هلیتھ سوال دے خو زه یو خبره کوم، د دې یو مشترکه جواب زه دا ورکوم چې ان شاء اللہ زمونږ احتساب کمیشن فنکشنل شو او چې څومره غلط کارونه شوی دی (تالیاں) چې څومره غلط کارونه شوی دی، دا مونږ توقع لرو د اپوزیشن د دوستانو نه هم او کوم کیږی دا هم زه، چې کوم راته تاسو پوائنټ آؤټ کړل، څه به مونږ Search کوؤ بل علاج ئے نشته دے جناب سپیکر! ان شاء اللہ د دغه گرنړی نه به هر سړے اوځی او څوک چې کار نه کوی یا څوک بد دیانتی کوی نو هغه به ټول په دې یو گانړئ کښې صفا کیږی، دا زمونږ متفقه فیصله ده او زه صرف دا وایم، چونکه د دې سوال ما سره تعلق نه وو خو که زما، زه وایم منور خان صاحب ته چې هر وخت د دوئ په ذهن کښې دا خبره وی چې د دې گناهگار شاہ فرمان دے، نو زه ورته ریکویسټ کوم چې کم

از کم اول پته لګوئ او بیا ، ځکه چې ډیر په جذبه راپاڅیدو او زما دا خیال وو چې دا زما ګناه ده خو منور خان صاحب خو پوهه سړے دے۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب! فضل غفور صاحب! تاسو څه وایئ چې انکوائری باندې مطمئن یئ او که مخکښې ځو ؟

مولانا مفتی فضل غفور: زه جی دا عرض کوم جی، دغې علاقو کښې د اوبو ډیر سخت تکلیف دے ، دوئ د زما سره Agree شی، دا کوئسچن به مونږ سټینډنګ کمیټئ ته ورواستوؤ، هلته به د دې Monthly progress check کوؤ جی، دا ډیر لویه اهم مسئله ده، تاسو ما سره لږ په دیکښې دغه وکړئ، کوآپریشن وکړئ۔

جناب سپیکر: امتیاز شاہد صاحب۔

وزیر قانون: بالکل ٹھیک ده جی، لاړ د شی۔

جناب سپیکر: نه نه، بس اوس مخکښې ځو، مخکښې ځو جی، ټائم ختمیږی۔

Is it the desire of the House that the Question No. 1994, asked by the honorable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Question No. 1995, Mufti Fazal Ghafoor.

* 1995 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بونیر حلقہ PK-79 میں اکثر زرعی زمینیں برساتی نالوں کے کنارے واقع ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ہر سال سیلابی پانی سے زرعی اراضی کو کافی نقصان پہنچتا ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سیلابی پانی سے بچاؤ کیلئے محکمہ تحفظ اراضیات حفاظتی پشتوں کا بندوبست کرتا ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حلقہ PK-79 بونیر کی زرعی زمینوں کے تحفظ کیلئے، حفاظتی پشتوں کیلئے حکومت نے کتنی رقم مختص کی ہے، نیز مالی سال 14-2013 کے دوران اس حلقہ میں حفاظتی پشتوں والی سکیمز کی تفصیلات بمعہ رقم فراہم کی جائیں؟

جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور (وزیر زراعت): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی ہاں۔

(د) حکومت نے ضلع بونیر کی زرعی زمینوں کے تحفظ کیلئے مالی سال 14-2013 میں کل 15 لاکھ روپے مختص کئے تھے جس میں سے حلقہ PK-79 کی زمینوں کو محفوظ کرنے کیلئے چار لاکھ 48 ہزار 692 روپے فراہم کئے گئے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	نام زمیندار بمعہ پتہ	کام کی نوعیت	پچاس فیصد گورنمنٹ سبسڈی
01	سید بادشاہ ولد شمکہ خان سکنہ بمپوخہ ضلع بونیر	G.I Wire P/Bund (01 No)	Rs. 1,51,618/-
02	ذاکر وہاب ولد گل وہاب سکنہ ایلئی ضلع بونیر	G.I.Wire Netting spur (02 Nos)	Rs. 1,37,377/-
03	ارشد سعید ولد احمد سعید سکنہ باجرہ ضلع بونیر	G.I Wire Netting P/Bund (01 No)	Rs. 79,804/-
04	شہزادہ ولد حکیم اللہ سکنہ کاٹ کلہ ضلع بونیر	G.I.Wire Netting spur (03 Nos)	Rs. 79,893/-

مولانا مفتی فضل غفور: جی دا خو ما سوال کړے دے جی او بالکل زه د دې جواب نه جی مطمئن يم او د دې چې کوم ايګريکلچر منسټر صاحب دے نو ډير ښه کار ئے په خپل ډيپارټمنټ کښې شروع کړے دے، زه خپل کوئسچن باندې مطمئن يم، زه ئے Withdraw کوم جی۔

جناب سپیکر: تهیک شوه جي۔ جي بس موؤر دغه دے۔ کوئسچن نمبر 2057، مولانا فضل غفور۔

* 2057 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر لائیوسٹاک ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بونیر میں ڈگر کے مقام پر ڈسٹرکٹ وٹرنری ہستال موجود ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ پیر بابا کے مقام پر ایک وٹرنری ہسپتال کی عمارت گر چکی ہے جس کی دوبارہ تعمیر موجودہ حکومت کے سابق وزیر لائیوسٹاک نے اسمبلی کے فلور پر یقین دہانی کرائی تھی جس پر تاحال عملدرآمد نہیں ہوا؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ ہسپتال کی دوبارہ تعمیر کب عمل میں لائی جائے گی، نیز ڈسٹرکٹ وٹرنری ہسپتال میں مزید ضروریات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب محب اللہ خان (معاون خصوصی برائے لائیوسٹاک): (الف) جی ہاں، ضلع بونیر میں ڈگر کے مقام پر ضلعی وٹرنری ہسپتال موجود ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے کہ پیر بابا کے مقام پر وٹرنری ہسپتال کی عمارت شورش کے دوران مکمل تباہ ہو چکی ہے، محکمہ ہذا نے اپنے طور پر مذکورہ ہسپتال کی تعمیر کیلئے کوشش کی ہے۔

(ج) (الف) و (ب) کے جوابات کی روشنی میں وضاحت کی جاتی ہے کہ سول وٹرنری ہسپتال پیر بابا کی عمارت کو ترجیحاً تعمیر کرنے اور ہسپتال کی ضرورت کے مطابق آلات اور فرنیچر کی اشد ضرورت ہے۔ علاوہ ازیں ڈسٹرکٹ وٹرنری ہسپتال ڈگر میں ضلعی سطح پر تشخیصی لیبارٹری اور لیبارٹری کے آلات کی فراہمی کی بھی اشد ضرورت ہے، لہذا محکمہ ہذا نے 2014-15 کے سالانہ پروگرام میں ایک سکیم Rehabilitation of existing Veterinary Institutions in Khyber Pakhtunkhwa کے تحت سول وٹرنری ہسپتال ڈگر کی از سر نو تعمیر کو ترجیحی بنیاد پر شامل کیا ہے۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر صاحب! د لائیوسټاک په حواله باندې ما یو کوئسچن کړے وو او د لائیوسټاک منسټر صاحب غالباً چې راغلے به وی او هغوی ما ته ایشورنس راکړے وو په دغه باندې او هغه وعده هغوی خپله کړې ده۔ د پیر بابا د هسپتال د 'ری کنسټرکشن' ، زما به یو ګزارش دا وی جي چې که دوئ ما ته په فلور باندې یو Commitment وکړی، دوئ سره په اے ډی پی کښې

یو سکیم دے، Establishment of Veterinary Institutes نو زما په خیال باندې به زه ډیر زیات خوشحاله شم او زه به خپل سوال واپس واخلم جی۔ زه مطمئن یم، محب اللہ صاحب به شی۔

جناب سپیکر: محب اللہ خان، محب اللہ، جی جی۔

معاون خصوصی برائے لائیوسٹاک: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ ان شاء اللہ مفتی غفور سره مونږ لوظ کوؤ ان شاء اللہ چې څه وی، چې څه وائی مونږ کړی دی، د دوئ چې کوم هسپتال دے، هغه کوم Damage شوے وو، هغه مونږ Already په دې سکیم کښې په Rehabilitation کښې اچولے دے، هغه مونږ کړے دے، په هغې باندې د پی ډی ډبلیو پی هغه میټنگ هم نن وو، په هغې کښې چونکه نه دے شوے، په روان کښې به هغه هم منظور شی۔ باقاعده دوئ ته مونږ یو وټرنری هغه کوم چې زمونږ سره دی، Rented په هغې کښې مونږ د دوئ سره هغه مهربانی کړې ده، ورکړے دے ورته، مزید چې څه راځی ان شاء اللہ کوؤ به ورسره۔

جناب سپیکر: جی کوسچن نمبر 2036۔

مولانا مفتی فضل غفور: 2035 جی۔

جناب سپیکر: 2035۔

مولانا مفتی فضل غفور: 2035 جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 2035 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مئی 2014 میں ژالہ باری سے تمباکو کی فصل کا شدید نقصان ہوا ہے اور اکثر و بیشتر کاشتکار اپنی آمدن کے واحد ذریعے سے محروم ہوگئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس قسم کی آسمانی آفات سے کاشتکاروں کو ملنے والے نقصانات کی تلافی کیلئے حکومت نے کیا حکمت عملی اپنائی ہے، نیز ژالہ باری سے بونیر میں ہونے والے نقصانات کا تخمینہ فراہم کیا جائے؟

جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور (وزیر زراعت): (الف) جی ہاں، مئی 2014 میں صوبے کے بعض علاقوں میں ژالہ باری ہوئی تھی جس سے تمباکو، گندم، پیاز، سبزیوں اور باغات کو کافی نقصان پہنچا تھا۔

(ب) قدرتی آفات سے زرعی فصلوں کو پہنچنے والے نقصانات کا ازالہ وفاقی حکومت کے قدرتی آفات ایکٹ (West Pakistan Natural Calamities (Prevention & Relief) Act, 1958) میں موجود نہیں ہے اور نہ ہی پاکستان ٹوبیکو بورڈ کے وفاقی وصوبائی قوانین میں تمباکو فصل کو قدرتی آفات سے پہنچنے والے نقصانات کے ازالے سے متعلق کوئی قانون موجود ہے۔ محکمہ زراعت نے صوبائی حکومت سے محولہ بالا ایکٹ میں زرعی فصلات کو قدرتی آفات سے پہنچنے والے نقصانات کے ازالے کو شامل کرنے کی سفارش کی ہے۔ ضلع بونیر میں 22 مئی 2014 کی رات کو شدید ژالہ باری ہوئی تھی جس سے مختلف فصلوں کو پہنچنے والے نقصانات کا تخمینہ محکمانہ سروے کے مطابق فراہم کی گئی۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر! زمونږ په محکمه زراعت کښې چې فصلونو ته چې کوم قدرتی آفاتو سره نقصان رسیږی، د هغې متعلق ما دا کوئسچن راوړے وو او د 'کنسرنډ' منسټر صاحب سره په دې حواله باندې ما ملاقات هم وکړو۔ دا یو ډیره اهمه ایشو ده۔ سپیکر صاحب، زمونږ ایګریکلچر ډیپارټمنټ ته د مختلفو فصلونو په مد کښې صرف ټوبیکو سیس او شوګرکین سیس چې کله مونږ راواخلو نو په هغې کښې د کروړونو اربو روپئ هغه حکومتی خزانې ته راځی او بیا سپیکر صاحب! مونږ په دې زمیندارو باندې، چې کوم هغه خپل زرعی ټیکس لګوؤ، نو دې حکومت خو ما شاءالله هغه هم سیوا کړو، د 24 ملین نه ئے 79 ملین ته اورسولو او بیا هغه بله ورځ پرې زکواة هم فرض کړو چې عشر او زکواة به هم د دوئ نه غونډوؤ، نو سپیکر صاحب! دا زمیندار۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ مہربانی کریں جی، آپ تھوڑا بیٹھ جائیں، بیٹھ جائیں، آپ لوگ بیٹھ جائیں۔

